دار العلوم حقانیہ کے شب و روز

شفیق فاروقی

۱۷ر دسمبر ــــ مولانا سمیع الحق صاحب مدیر الحق نے قومی کمیٹی برائے مدارس عربیہ کے دیگر ارکان کے ساتھ ایوانِ صدر اسلام آباد میں ملاقات کی کمیٹی نے اپنی رپورٹ صدرِ مملکت کو پیش کی یہ ملاقات تقریباً دو گھنٹے جاری رہی اس ملاقات میں مولانا نے صدرِ محترم کو مؤتمر المصنفین کی مطبوعات کا سیٹ بھی پیش کیا۔ رات کو کمیٹی کے ارکان کے اعزاز میں وفاقی وزیر داخلہ و مذہبی امور جناب اے ہارون صاحب نے عشائیہ دیا جس میں مولانا نے بھی شرکت کی۔

۱۸ر دسمبر ــــ جناب ڈاکٹر عبد الواحد ہالے پوتا صاحب ڈائریکٹر ادارۂ تحقیقاتِ اسلامیہ اسلام آباد کی دعوت پر جناب مدیر صاحب ادارہ گئے، ڈائریکٹر صاحب نے دیگر شعبوں کے علاوہ ادارہ کا پرنٹنگ پریس جو جدید ترین مشینوں اور وسائل پر مشتمل ہے، اور دیگر طباعتی نظام کا معائنہ بھی کرایا۔ آخر میں جناب ڈائریکٹر صاحب موصوف نے مولانا کی خدمت میں دار العلوم حقانیہ کے کتب خانہ کے لئے ادارۂ تحقیقات کی مطبوعات تصانیف و مجلات کا مکمل سیٹ پیش کیا جس پر پورا دار العلوم ادارہ کا ممنون ہے۔

۱۹ر دسمبر ــــ دار العلوم حقانیہ کے ایک فارغ التحصیل مولوی محمد گل افغانستانی کی دستار بندی اساتذہ نے فرمائی۔

۲۲ر دسمبر ــــ دار العلوم حقانیہ کے سہ ماہی امتحانات شروع ہوگئے، یہ تحریری اور تقریری امتحانات ایک ہفتہ تک جاری رہیں گے۔

۲۰ر دسمبر ــــ دار العلوم کی شاندار جامع مسجد کی تزئین، رنگ روغن اور سفیدی کا کام شعبۂ تعمیرات کے ماتحت جاری ہے۔ جس پر تقریباً ۱۵ ہزار روپے لاگت آئے گی۔

۲۰ر دسمبر ــــ کراچی کے دو ممتاز اشاعتی اداروں ادارۂ تحقیقات ونشریات اسلام ــــ اور ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی نے دار العلوم کے مستحق طلبہ میں تقسیم کے لئے وسیع مطبوعات کا ذخیرہ بھیجا جسے دورۂ حدیث شریف اور موقوف علیہ دورہ کی کلاسوں میں تقسیم کیا۔ دار العلوم اس علم پروری پہ دونوں اداروں کا شکر گذار ہے۔